Pearson
PTE Academic

PTE Academic Privacy Policy, Updated 20 May 2018

# پرائیویسی نوٹس

**یہاں آپ پڑھ سکتے ہیں کہ ہم آپکے بارے میں معلومات کی حفاظت کیسے کرتے ہیں اور اپنے تمام صارفین اور ویب سائیٹ استعمال کرنے والوں کے فائدے کی خاطر ہم ان معلومات کو اپنی مصنوعات اور خدمات بہتر بنانے کیلئے کیسے استعمال کرتے ہیں۔**

(تازہ تبدیلیوں کے ساتھ متن از 20 مئی 2018)

ہمارے کاروبار کی نوعیت کے پیش نظر ہمیں وقتا" فوقتا" اپنے صارفین اور ویب سائیٹ استعمال کرنے والوں سے انکی کچھ ذاتی معلومات حاصل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

ہم جو ڈیٹا اکٹھا کرتے ہیں، ممکن ہے وہ صرف نام اور ای میل ایڈریس ہو لیکن پیئرسن کے ساتھ آپکے واسطے کی سطح پر منحصر، یہ معلومات اس سے بہت بڑھ کر بھی ہو سکتی ہیں۔

آپ ہمیں جو ذاتی معلومات دیتے ہیں، بشمول اس ڈیٹا کے کہ آپ ہماری ویب سائیٹس کیسے استعمال کرتے ہیں – مثلا" آپ کیا سرچ کرتے ہیں اور کونسی ترجیحات چنتے ہیں – ان سے ہمیں اپنے صارفین کو بطور ایک گروہ اور بطور افراد بہتر سمجھ پانے کیلئے مدد ملتی ہے۔ اور اس مدد سے ہم آپکی ضروریات پوری کرنے والی بہت سی مصنوعات اور خدمات فراہم کرنے کے قابل بنتے ہیں۔

## ہم آپکے ڈیٹا کی حفاظت کیسے کرتے ہیں

جب آپ کسی بھی کمپنی کو اپنی ذاتی معلومات دیتے ہیں تو آپکو یہ توقع کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے کہ انہیں مکمل رازداری سے برتا جائے۔

آپکے ذاتی معاملات کا اخفاء (پرائیویسی) ہمارے لیے نہایت اہم ہے۔ ہم ان تمام ذاتی معلومات کو محفوظ رکھنے کا تہیّہ کیے ہوئے ہیں جو آپ نے ہمیں دی ہیں اور ہم ڈیٹا کی حفاظت کے تمام متعلقہ قوانین کی تعمیل کرتے ہیں۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ:

- ہم نے آپکے بارے میں جو معلومات رکھی ہوں، ہم ان کی پوری ذمہ داری لیتے ہیں
- ہم آپکے ذاتی معاملات کو ہمیشہ خفیہ رکھیں گے
- ہم کبھی آپکے بارے میں ذاتی معلومات کو فروخت نہیں کریں گے

چاہے آپ نے ہمیں اپنی ذاتی معلومات آن لائن، فون پر یا ٹیکسٹ میں، یا ای میل یا خط کے ذریعے مہیا کی ہوں، ہم کبھی جائز وجہ کے بغیر انہیں استعمال نہیں کریں گے۔ ہم ان معلومات کو انہی مقاصد کیلئے استعمال کریں گے جن کیلئے ہم نے ابتدا میں یہ طلب کی تھیں اور اس پرائیویسی نوٹس اور کوکی پالیسی میں دی گئی مکمل وضاحت کے مطابق استعمال کریں گے۔

ان دستاویزات میں واضح کیا گیا ہے کہ ہم آپکے ذاتی ڈیٹا کا انتظام اور حفاظت کیسے کر رہے ہیں، بشمول ان معاملات کے:

- ہم آپکے بارے میں کونسی معلومات اکٹھی کرتے ہیں
- ہم یہ معلومات کیسے اکٹھی اور استعمال کرتے ہیں

- ہم آپکی دی ہوئی معلومات کی حفاظت کیسے کرتے ہیں
- آپکے بارے میں ہم نے جو معلومات رکھی ہوں، ان کے حوالے سے آپکے حقوق
- غلط استعمال کی رپورٹ کیسے کی جائے

پیئرسن میں، ہم جانتے ہیں کہ آپکو یہ پروا ہے کہ آپکی ذاتی معلومات کیسے استعمال کی جاتی ہیں اور ہم اس بات کے معترف ہیں کہ آپ ان معلومات کے محتاط اور معقول استعمال کیلئے ہم پر بھروسہ کرتے ہیں۔

یہ پرائیویسی نوٹس آپکو یہ سمجھنے میں مدد دینے کیلئے مرتّب کیا گیا ہے کہ ہم اور ہمارے گروپ کی دوسری کمپنیاں آپکی ذاتی معلومات کیسے اکٹھی اور استعمال کرتی ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہماری ویب سائیٹس اور ان پر دستیاب سہولتیں، بشمول رجسٹریشن اور ای کامرس خدمات کے، استعمال کرتے ہوئے آگہی کے ساتھ فیصلے کریں۔

یہ پرائیویسی نوٹس ہماری سائیٹس کے ان تمام صفحات کیلئے اطلاق پاتا ہے جو اس پرائیویسی نوٹس کے ساتھ لنک کیے گئے ہیں اور اسی طرح ان صفحات پر دستیاب تمام سہولتوں اور ای کامرس، خریداری یا دوسرے معاملات کیلئے بھی اطلاق پاتا ہے جن کیلئے ہماری سائیٹس پر رجسٹریشن درکار ہوتی ہے۔ تاہم یہ کسی تیسرے فریقکی سائیٹس کیلئے اطلاق نہیں پاتا جو ہماری سائیٹس سے لنک کیے گئے ہوں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ ایسی جن سائیٹس پر جائیں، ان کے پرائیویسی نوٹس پڑھیں کیونکہ ہم ان کیلئے ذمہ دار نہیں ہیں۔

جب ہم اپنی ویب سائیٹس یا سائیٹس کا ذکر کرتے ہیں تو ہماری مراد ان ویب سائیٹس یا ایپلیکیشنز سے ہے جہاں سے آپکو یہ پرائیویسی نوٹس ملا ہے۔

ہم نے اس پرائیویسی نوٹس کے آخر میں یہ مکمل تفصیلات شامل کر دی ہیں کہ ہم اور ہمارے گروپ کی کمپنیاں کون ہیں۔

## پیئرسن میرے بارے میں کونسی معلومات اکٹھی کرتا ہے؟

ہم جو ذاتی معلومات اکٹھی کرتے ہیں، ان میں آپکا نام، رابطے کی تفصیلات (فون نمبر، ای میل ایڈریس اور پتے)، تاریخ پیدائش، ملازمت، کورس کی تفصیلات، آپکی ذاتی دلچسپیاں، کریڈٹ کارڈ یا بل بھیجنے کی تفصیلات، خریداری کیلئے انتخاب اور آپکے دیکھے ہوئے صفحات اور ہمارے سائیٹ پر آپکی دیگر سرگرمی کے بارے میں ڈیٹا شامل ہو سکتے ہیں نیز کوئی بھی دوسری ذاتی معلومات جو آپ ہمیں مہیا کریں۔

ہماری کچھ سائیٹس دوسری معلومات بھی اکٹھی کرتے ہیں جو آپ ہمیں مہیا کریں جیسے آپکی تعلیم، مہارتوں یا ملازمت کے تجربے کے بارے میں معلومات، جب یہ سائیٹ کے سیاق و سباق میں یا سائیٹ سے فراہم کی جانے والی خدمات کے سلسلے میں متعلقہ معلومات ہوں۔ سوائے اسکے کہ ذاتی معلومات سائیٹ پر درج کرنے کے وقت اس سے مختلف کچھ لکھا ہو، ان معلومات پر صرف انہی مقاصد کیلئے کارروائی کی جاتی ہے جن مقاصد کیلئے آپ نے یہ معلومات ہمیں دی ہیں۔

## پیئرسن میرے بارے میں ذاتی معلومات کیسے اکٹھی کرتا ہے؟

ہم آپکی معلومات دو طریقوں سے اکٹھی کرتے ہیں:

1۔ وہ ذاتی معلومات جو آپ ہمیں دینے کا انتخاب کریں۔ مثال کے طور پر آپ تب ہمیں اپنی معلومات دیتے ہیں جب آپ ہماری سائیٹ پر کچھ پوسٹ کرتے ہیں، آپ ہماری سائیٹ پر کسی ایسی سہولت کیلئے رجسٹر کرتے ہیں جس کیلئے رجسٹریشن درکار ہے، جب آپ ہم سے (آن لائن یا آف لائن) رابطہ کرتے ہیں یا جب آپ ہم سے اشیا یا خدمات لینے کیلئے آرڈر کرتے ہیں۔

2۔ وہ معلومات جو ہم اپنی سائیٹ پر آپکے رابطہ کرنے پر اکٹھی کرتے ہیں یا جب آپ ہمارا ای میل پیغام کھولتے ہیں۔ ہم کوکیز (چھوٹے چھوٹے کمپیوٹر کوڈ جنہیں ہم آپکے کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس پر کچھ عرصے کیلئے محفوظ کرتے ہیں) اور اسی طرح کی دوسری ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے یہ معلومات حاصل کرتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے براہ مہربانی ہمارا کوکی پالیسی پیج دیکھیں۔

ہم آپکی ذاتی معلومات اکٹھی کرنے سے پہلے آپ کو بتائیں گے کہ آیا یہ اپنی مرضی کے تحت معلومات دینے کی درخواست ہے یا نہیں، اور اپنی مرضی کے تحت ذاتی معلومات نہ دینے کے نتائج کیا ہوں گے۔

ایک الگ آٹومیٹک عمل کے ذریعے ویب سرور آپکا آئی پی ایڈریس اور براؤزر ٹائپ اور اس ویب سائیٹ، ایپلیکیشن یا ای میل پیغام کی معلومات حاصل کر لے گا جہاں سے آپ ہماری سائیٹ پر آئے ہیں۔ ان معلومات کو اس لیے استعمال کیا جاتا ہے کہ:

- یہ پتہ چلایا جائے کہ ہماری سائیٹ کو کتنی دفعہ دیکھا گیا ہے
- یہ ریکارڈ کیا جائے کہ ہماری سائیٹ کے کونسے حصے دیکھے گئے ہیں تاکہ ہم سائیٹ کا مواد اور وضع بہتر بنا سکیں
- ہم اپنے ای میل پیغامات کے کارآمد ہونے کے بارے میں سمجھ سکیں

ہم اپنی سائیٹ کے سلسلے میں استعمال کیلئے، ناموں کے بغیر یہ ڈیٹا وقتا" فوقتا" تیسرے فریقوں کو مہیا کر سکتے ہیں۔

## پیئرسن میرے بارے میں ذاتی معلومات کو کیسے استعمال کرے گا؟

ہم اور ہمارے گروپ کی کمپنیاں آپکی ذاتی معلومات کو کئی مختلف کاروباری مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں جو ہمارے جائز مفاد میں ہوں ("کاروباری مقاصد") اور/یا آپکے ساتھ معاہدہ شروع کرنے یا معاہدے پر عمل کیلئے ("معاہدے کی وجوہ")، اور/یا آپکی اجازت ("اجازت") کے ساتھ، اور/یا ہمارے قانونی فرائض کی تعمیل ("قانونی وجوہ") کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر ہم آپکی ذاتی معلومات ان مقاصد سے استعمال کر سکتے ہیں:

- معاہدے کی وجوہ سے، ہمارے متعلقہ سائیٹ کے ذریعے آپکو متعلقہ خدمات فراہم کرنے کیلئے
- معاہدے کی وجوہ سے، آپکی آن لائن خریداریوں کا کام مکمل کرنے کیلئے
- ہمارے کاروباری مقاصد سے یا آپکی اجازت کے ساتھ، آپکو ہماری مصنوعات اور خدمات کے بارے میں بتانے کیلئے اور مزید معلومات دینے کیلئے

- ہمارے کاروباری مقاصد سے اور/یا آپکی اجازت کے ساتھ، آپکو سروے، تبادلۂ خیال اور انعام کیلئے قرعہ اندازی میں شرکت کی دعوت دینے یا ہماری خدمات کے بارے میں آن لائن سروے اور ڈسکشن فورم کے ذریعے ہماری خدمات کے بارے میں آپکے خیالات پوچھنے کیلئے
- ہمارے کاروباری مقاصد سے، آپکو پیش کی جانے والی مصنوعات اور خدمات کو بہتر بنانے کیلئے
- ہمارے کاروباری مقاصد سے اور/یا آپکی اجازت کے ساتھ، مارکیٹنگ کیلئے
- ہمارے کاروباری مقاصد سے، شماریاتی یا تجزیاتی مقاصد کیلئے
- ہمارے کاروباری مقاصد سے اور/یا قانونی وجوہ سے، سیکورٹی کی خلاف ورزی یا فراڈ کی دریافت، روک تھام اور چھان بین کیلئے
- ہمارے کاروباری مقاصد سے، دیگر طور پر ہمارے صارفین کی ضروریات اور ترجیحات کو بہتر طور پر پورا کرنے کیلئے

ہم کسی غیر متعلقہ تیسرے فریق کو آپکی اجازت کے بغیر مارکیٹنگ کیلئے آپکی ذاتی معلومات استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ جہاں ہم آپکی اجازت پر انحصار کرتے ہوں، آپکو کسی بھی وقت اپنی اجازت واپس لینے کا حق حاصل ہے۔

ہم استعمال کنندگان کی قسموں کا پتہ چلانے، اپنی سائیٹس کے استعمال کا آڈٹ کرنے اور ہماری سائیٹس کو انتظامی لحاظ سے بہتر بنانے میں مدد کیلئے بھی ذاتی معلومات استعمال کرتے ہیں۔ ایسا کرتے ہوئے ہم براہ راست پہچان کروانے والی معلومات ہٹا دیتے ہیں۔

سروے اور تبادلۂ خیال میں شرکت کرنا مکمل طور پر آپکی مرضی پر منحصر ہے۔ آپ کسی بھی وقت ان مقاصد کیلئے رابطے کے موقع کو 'ان سبسکرائب' (منسوخ) کر سکتے ہیں۔ سروے سے ملنے والی معلومات کو مارکیٹ ریسرچ کیلئے استعمال کیا جائے گا جس کا مقصد ہماری خدمات کو بہتر بنانا ہو گا۔

آپ (ڈسکشنز، بلیٹن بورڈز اور فورمز سمیت) ہماری سائیٹس پر جو بھی مواد بھیجیں یا پوسٹ کریں، ہم اس پر آپکا یوزر نیم دکھائیں گے۔

## پیئرسن میری ذاتی معلومات کو کتنا عرصہ رکھے گا؟

ہم آپکی ذاتی معلومات کو اتنا عرصہ رکھیں گے جتنا عرصہ ان مقاصد کو پورا کرنے کیلئے ضروری ہو جن کیلئے ہم آپکی ذاتی معلومات پر کام کر رہے ہیں، سوائے اسکے کہ قانون اس سے زیادہ عرصہ انہیں رکھنے کی اجازت یا حکم دیتا ہو۔ مثال کے طور پر، ہمیں اپنی فراہم کردہ خدمت کا معیار یقینی بنانے کیلئے آپکے ذاتی ڈیٹا کو رکھنے کی ضرورت ہو سکتی ہے یا ہمیں آئندہ قانونی دعووں کے خلاف اپنے دفاع کیلئے اسے رکھنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

## ای میل مارکیٹنگ اور اس سے الگ رہنے کا موقع

اگر آپ نے مارکیٹنگ ای میلز ملنے سے الگ رہنے کا انتخاب کیا ہے تو ہم آپکو ایسی ای میلز نہیں بھیجیں گے۔ ہم آپکو جو بھی مارکیٹنگ ای میلز بھیجیں گے، ان میں ای میل کے آخر میں 'ان سبسکرائب' کا لنک ہو گا۔

اگر آپ ہم سے ای میل، ڈاک یا فون پر رابطہ کر کے 'ان سبسکرائب' کرنا چاہتے ہوں تو کچھ پیئرسن سائیٹس پر رابطے کی یہ معلومات بھی فراہم ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ پیئرسن سائیٹس پر "My Account" پیج بھی ہوتا ہے جہاں آپ چن سکتے ہیں کہ آپ ہمارے مارکیٹنگ کے پیغامات وصول کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

## پیئرسن میری ذاتی معلومات کو کیسے محفوظ رکھتا ہے؟

ہم مناسب ٹیکنیکل اور تنظیمی اقدامات کر کے آپکی تمام ذاتی معلومات کی حفاظت یقینی بنانے کا ہدف رکھتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپکا براؤزر HTTPS (ہائپرٹیکسٹ ٹرانسفر پروٹوکول سیکیور) اینکرپشن قبول کرتا ہو تو ہم آپکی ادائیگی کی معلومات کو بلااجازت استعمال سے بچانے کیلئے ایک سیکیور سرور استعمال کرتے ہیں۔ جہاں ہم تیسرے فریقوں کو ذاتی معلومات پر کارروائی کیلئے استعمال کرتے ہیں، ہم ان سے آپکی معلومات کی حفاظت یقینی بنانے کا تقاضا کرتے ہیں۔

آپ جو بھی ذاتی معلومات ہماری سائیٹ کے کسی پبلک ایریا، جیسے بلیٹن بورڈ یا ڈسکشن فورم، پر اپنی مرضی سے پوسٹ کریں، یا رجسٹریشن اور/یا سبسکرپشن طلب کرنے والے کسی انٹر ایکٹیو ایریا میں مہیا کریں، وہ معلومات دوسرے لوگ اکٹھی اور استعمال کر

سکتے ہیں۔ براہ مہربانی محتاط رہیں کہ آپ اس طریقے سے کونسی ذاتی معلومات مہیا کر رہے ہیں۔ آگاہ رہیں کہ ہم دوسرے استعمال کنندگان کی حرکات کو کنٹرول نہیں کر سکتے۔

## کیا پیئرسن میری ذاتی معلومات کسی اور کو دے گا؟

ہم کبھی آپکی ذاتی معلومات کو فروخت نہیں کریں گے۔ ہم انہیں آپکی ذاتی معلومات سے آگاہ اور شریک کر سکتے ہیں:

- ہمارے گروپ کی کمپنیاں
- ہمارے کاروبار کا کوئی حصہ حاصل کرنے والا کوئی ادارہ
- ہمیں خدمات فراہم کرنے والے (جن میں مثلا" کریڈٹ ریفرنس ایجنسیاں اور ادائیگی پراسیس کرنے والے، ہماری مصنوعات کے ڈسٹری بیوٹر/ایجنٹ، ہماری سائیٹس بنانے والے یا ہوسٹ کرنے والے سپلائر شامل ہو سکتے ہیں)
- تیسرے فریقوں کے سرچ انجن جو یوزر پروفائل پیجز، اور یوزر پروفائل پیج کے URL کے حصے کے طور پر یوزر نیمز، کو عام معمول میں نشانزد کر لیتے ہیں، اگر قانون اس کا حکم یا اجازت دیتا ہو
- متعلقہ تیسرے فریق (جیسے آپکا آجر، آپکا سکول، آپکا انٹرنیٹ سروس پرووائیڈر، قانون نافذ کرنے والے ادارے)، اگر ہمارے پاس یہ سمجھنے کی معقول وجہ ہو کہ آپ قانون توڑنے میں ملوّث ہیں (جیسے اگر آپ نے ہمارے سائیٹس پر ہتک عزت کرنے والا مواد پوسٹ کیا ہو) یا اگر ہم متعلقہ قانون کی رو سے انہیں آپکی معلومات سے آگاہ کرنے کے پابند ہوں
- آپکی اجازت سے دیگر تیسرے فریقوں کو

## کیا پیئرسن میری ذاتی معلومات کسی اور ملک کو بھیجے گا؟

ہم یورپین اکنامک ایریا ("EEA") سے باہر ممالک سمیت، دنیا کے دوسرے ممالک کو آپکی ذاتی معلومات منتقل کر سکتے ہیں جہاں شاید ڈیٹا کی حفاظت کے قوانین اس ملک کے قوانین جیسے نہ ہوں جس ملک میں آپ ہماری سائیٹس پر آتے ہیں۔ جہاں ہم EEA سے باہر کے ممالک کو آپکی ذاتی معلومات بھیجیں، ہم یہ یقینی بنانے کیلئے مناسب اقدامات کریں گے کہ آپکی ذاتی معلومات کیلئے اسی سطح کی حفاظت مہیا کی جائے جس کا ذکر اس پرائیویسی نوٹس میں ہے۔

ہم نے (EEA سے باہر کے ممالک پر اپنے ملکی قانون کی رو سے ڈیٹا کیلئے مساوی تحفظ کی فراہمی کی پابندی کا اطلاق نہ ہونے کے سبب) یورپین کمیشن کے سٹینڈرڈ معاہدوں کی شقوں کو استعمال کرتے ہوئے کمپنیوں کے مابین ڈیٹا پراسسینگ کا ایک معاہدہ کیا ہے جس کے تحت EEA سے باہر ہمارے گروپ کی کمپنیوں کو ڈیٹا منتقل کیا جائے گا۔ ہم مساوی تحفظ کی فراہمی کے فیصلوں یا یورپین کمیشن یا کسی نگران ادارے کے اختیار کردہ ڈیٹا ٹرانسفر کے مناسب طریقوں پر انحصار کرتے ہیں تاکہ متحدہ برطانیہ یا EEA سے باہر کے ممالک میں موجود تیسرے فریقوں کو وقتا" فوقتا" ڈیٹا ٹرانسفر کریں۔

## مجھے کیا حقوق حاصل ہیں؟

کچھ علاقوں جیسے EEA (یورپین اکنامک ایریا) میں اپنی ذاتی معلومات کے حوالے سے آپکو خاص حقوق حاصل ہو سکتے ہیں جن میں یہ حقوق شامل ہیں:

- اپنی ذاتی معلومات تک رسائی اور ان کی کاپی طلب کرنے کا حق
- اگر آپکی ذاتی معلومات اب درست نہ ہوں تو ان میں درستگی کا حق یا اگر اب اس مقصد کیلئے آپکی ذاتی معلومات کو رکھنا ضروری نہ ہو جس مقصد کیلئے یہ حاصل کی گئ تھیں تو انہیں مٹانے کا حق
- بعض حالات میں اپنی ذاتی معلومات پر کارروائی کو محدود کروانے یا اس پر اعتراض کرنے کا جق
- ڈیٹا کو منتقل کروانے کا حق (اگر اطلاق ہو تو)

اگر آپ اپنی ذاتی معلومات کے ضمن میں اپنے حقوق میں سے کسی حق کو استعمال کرنا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی نیچے "پیئرسن سے رابطہ" والے حصے میں دی گئی معلومات کو استعمال کر کے ہمیں اپنی درخواست بھیجیں۔ ہم کسی بھی درخواست پر ڈیٹا کی حفاظت کے متعلقہ قوانین کی روشنی میں غور اور عمل کریں گے۔

اگر آپ اس پرائیویسی نوٹس میں بیان کردہ ہمارے اخفائے ذاتیات کے طریقوں سے ناخوش ہوں تو آپکو (اگر آپ متحدہ برطانیہ میں ہوں) انفارمیشن کمیشنر یا اپنے مقامی ڈیٹا پروٹیکشن کے نگران ادارے کے پاس شکایت کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

## اگر میری عمر 16 سال سے کم ہو تو؟

اگر آپکی عمر 16 سال سے کم ہے تو توجہ فرمائیں کہ پیئرسن آپکے لیے ٹیسٹ فراہم نہیں کرتا۔ اگر آپکی عمر 18 سال سے کم ہے تو آپکو یہ [فارم] مکمل کر کے پیئرسن کو واپس بھیجنا چاہیئے جو امتحان کیلئے رجسٹریشن مکمل کرنے کیلئے آپ سے رابطہ کرے گا۔ براہ مہربانی اپنے والد/ والدہ/ سرپرست کے ساتھ مل کر یہ پرائیویسی نوٹس پڑھیں اور اگر آپ کو کوئی بات سمجھ نہ آئے تو ان سے سوالات پوچھیں۔

## ذاتی معلومات کا غلط استعمال

ذاتی معلومات کا کسی بھی طرح نامناسب حصول یا استعمال، اس پرائیویسی نوٹس اور ہمارے لیگل نوٹس یا استعمال کی شرائط کی خلاف ورزی ہے۔ براہ مہربانی dataprivacy@pearson.com پر ای میل کر کے اس کی رپورٹ کریں۔

آپ اقرار کرتے ہیں کہ آپ ہماری سائیٹس پر دستیاب ذاتی معلومات کا غلط استعمال نہیں کریں گے اور نہ ہی انہیں حاصل کریں گے اور نہ ہی اس مقصد کیلئے روبوٹ یا دیگر آٹومیٹڈ سکرپٹس، کوڈز یا فنکشنز استعمال کریں گے۔

اگر ہمیں پتہ چلا کہ آپ متعلقہ شرائط برائے استعمال یا اس پرائیویسی نوٹس کی خلاف ورزی کر رہے ہیں تو ہم فوری طور پر، بغیر پیشگی اطلاع کے، اپنی سائیٹ تک آپکی رسائی کو معطل یا ختم کر سکتے ہیں۔

## اس پرائیویسی نوٹس میں تبدیلیاں

ہم وقتاً فوقتاً" اس پرائیویسی نوٹس میں تبدیلیاں کر سکتے ہیں۔ ہم نئے نوٹس کی تاریخ ہمیشہ شامل کریں گے تاکہ جب کوئی تبدیلی ہو، آپکو اس کا علم رہے۔

## پیئرسن سے رابطہ

اگر آپ اس پرائیویسی نوٹس کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو براہ مہربانی بلا جھجک ہم سے اس پتے پر رابطہ کریں:

Data Protection Officer
Pearson
80 Strand
London
WC2R 0RL
United Kingdom

یا dataprivacy@pearson.com پر ہمیں ای میل کریں۔

یہ پرائیویسی نوٹس Pearson plc اور اسکے گروپ میں شامل کمپنیوں کی جانب سے فراہم کیا گیا ہے۔ اس کا مطلب ہے Pearson plc (رجسٹرڈ دفتر 80 Strand, London, WC2R 0RL, United Kingdom ، رجسٹرڈ نمبر53723) کی ملکیت یا کنٹرول میں تمام کمپنیاں۔